URDU

# گاڑی میں محفوظ سفر


## – بچوں اور بڑوں کیلئے

Statens vegvesen

TRYGG TRAFIKK



# 135 سینٹی میٹر سے کم قد کے بچوں کیلئے گاڑی میں علیحدہ حفاظتی سیٹ ضروری ہے




اگر کوئی شخص گاڑی میں محفوظ اور درست انداز میں نہ بیٹھا ہو تو آہستہ رفتار پر کوئی حادثہ ہونے کی صورت میں بھی اسے شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس لیے یہ اہم ہے کہ بچے اور بڑے ہمیشہ درست حفاظتی سازوسامان استعمال کریں خواہ وہ تھوڑی دور ہی جا رہے ہوں مثلا کنڈر گارٹن یا سکول تک۔

بچوں کیلئے حفاظتی سیٹیں

بچوں کیلئے حفاظتی سیٹوں کو بچوں کے وزن کے لحاظ سے مختلف درجوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں ہدایات برائے استعمال پر پوری طرح عمل کرنا انتہائی اہم ہے تاکہ چائلڈ سیٹ گاڑی میں درست طریقے سے لگائی جاۓ آپ جس دکان سے چائلڈ سیٹ خریدیں، بہتر ہو گا کہ وہیں سے سیٹ کو گاڑی میں لگانے کیلئے بھی مدد مانگ لیں۔

استعمال شدہ چائلڈ سیٹ

اگر آپ استعمال شدہ سیٹ خریدیں تو یہ پانچ سال سے زیادہ پرانی نہیں ہونی چاہیئے اور یہ بھی ضرور تسلّی کر لیں کہ یہ سیٹ کبھی حادثے سے دوچار نہیں ہوئی۔

§

ناروے میں تمام بالغ افراد کیلئے سیٹ بیلٹ استعمال کرنا اور تمام بچوں کو محفوظ طریقے سے بٹھانا لازمی ہے۔ 135 سینٹی میٹر سے چھوٹے قد کے بچوں کو ایسی حفاظتی سیٹ میں بٹھانا لازمی ہے جو بچے کے وزن کے لحاظ سے مناسب ہو۔ یہ ڈرائیور کی ذمہ داری ہے کہ 15 سال سے کم عمر کے بچے قانون کے مطابق محفوظ طریقے سے بیٹھے ہوں ورنہ چیکنگ ہونے پر ڈرائیور کو جرمانہ ہو گا۔



# شیر خوار بچے

## 0– 13 کلو گرام (0 تا تقریبا 12 ماہ عمر)

زیادہ سے زیادہ تحفظ کیلئے بے بی سیٹ کا رخ گاڑی کے پچھلے حصے کی طرف ہونا چاہیئے (جس سمت میں گاڑی جا رہی ہو، بچے کی کمر اس سمت میں ہو)۔ نومولود بچوں کو بھی اسی طریقے سے بٹھانے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔



# چھوٹے بچے

## 9– 18 کلو گرام (تقریبا 1 تا 4 سال عمر)

چھوٹے بچوں کو چائلڈ سیٹ میں محفوظ طریقے سے بٹھانا لازمی ہے۔ اگر سیٹ کا رخ گاڑی کے پچھلے حصے کی طرف ہو تو یہ زیادہ محفوظ ہے لیکن اس وزن کے بچوں کیلئے سامنے رخ رکھنے والی سیٹیں بھی منظور شدہ ہیں۔

ہمارا مشورہ ہے کہ جتنا زیادہ عرصہ ممکن ہو، بچوں کو گاڑی کے پچھلے حصے کی طرف رخ رکھنے والی سیٹ میں بٹھایا جائے، بہتر ہے کہ چار سال عمر تک۔ بچوں کا سر باقی جسم کے مقابلے میں بڑا اور بھاری ہوتا ہے اور سیٹ کا رخ گاڑی کے پچھلے حصے کی طرف ہونے کی وجہ سے گردن کو شدید چوٹ کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔ سیٹ کی بیلٹ بچے کے گرد کس کر بندھی ہونی چاہیئے۔



# بڑے بچے

## 15–36 کلو گرام (تقریبا 4 تا 11 سال عمر)

بڑے بچوں کو کمر کو سہارا دینے والی بوسٹر سیٹ میں یا بوسٹر کشن پر بٹھانا چاہیئے۔ کمر کو سہارا دینے والی بوسٹر سیٹ، بوسٹر کشن کی نسبت بچے کے جسم اور سر کو زیادہ محفوظ رکھتی ہے ، خاص طور پر گاڑی کے پہلو میں ٹکر لگنے پر۔ ان دونوں کے ساتھ سیٹ بیلٹ استعمال کرنا لازمی ہے۔ بوسٹر کشن یا پشت والی بوسٹر سیٹ کو گاڑی کی ایسی سیٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا جس میں صرف کولھوں پر سے گزرنے والی بیلٹ لگی ہو۔ سیٹ بیلٹ کو کبھی بچے کے بازو کے نیچے سے گزار کر بھی نہیں باندھنا چاہیئے کیونکه اس طرح شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔





# بالغ افراد کا گاڑی میں سفر کرنا



## سیٹ بیلٹ جان بچانے کا ذریعہ ہے

قانون لازم قرار دیتا ہے که گاڑی میں سیٹ بیلٹ استعمال کی جائے۔ گاڑی میں سفر کرنے والے 15 سال سے زیادہ عمر کے جو افراد سیٹ بیلٹ استعمال نہ کریں، انہیں جرمانہ ہو گا۔

## ہمیشہ سیٹ بیلٹ لگائیں – خواہ آپ تھوڑی ہی دور جا رہے ہوں


حادثے کی صورت میں ان لوگوں کیلئے بہت زیادہ خطرہ ہوتا ہے جنھوں نے سیٹ بیلٹ نہ لگا رکھی ہو خواہ حادثے کے وقت گاڑی کی رفتار تیز نہ ہو۔ کم رفتار (50 کلو میٹر فی گھنٹا سے کم) پر بھی آپ زوردار دھکے کے ساتھ سٹیئرنگ، ونڈ سکرین یا گاڑی کے دوسرے حصوں سے جا ٹکرائیں گے۔ اس کے نتیجے میں شدید چوٹیں یا موت ممکن ہے۔

## حاملہ؟

باقی سب لوگوں کی طرح حاملہ خواتین کو بھی سیٹ بیلٹ لگانی چاہیئے۔ اس طرح ماں اور ہونے والے بچے، دونوں کو بہترین تحفظ میسّر آتا ہے۔ بیلٹ کا جو حصہ کولھوں کے گرد ہوتا ہے، اسے پیٹ کے نیچے، رانوں کے قریب، سے گزارنا چاہیۓ اور پھر بیلٹ کو کس لینا چاہیئے۔

# ایر بیگ

ایر بیگ سے بالغ افراد کو مزید تحفظ ملتا ہے۔ ایر بیگ کے کارآمد ہونے کیلئے ضروری ہے کہ ہمیشہ سیٹ بیلٹ لگائی جائے۔



چائلڈ سیٹ استعمال کرنے والے بچوں کیلئے ایر بیگ کے سامنے بیٹھنا جان سے ہاتھ دھونے کا سبب بن سکتا ہے۔ ایر بیگ بالغ افراد کیلئے ہوتا ہے اور انتہائی تیزی اور زور سے کھلتا ہے جس کے نتیجے میں بچوں کو شدید چوٹ آ سکتی ہے۔ لہذا 140 سینٹی میٹر سے چھوٹے قد کے بچوں کو اس گاڑی کی فرنٹ سیٹ پر نہیں بیٹھنا چاہیئے جس میں سامنے ایر بیگ لگا ہو۔

بعض نئ گاڑیوں میں ایر بیگ کو تب وقتی طور پر ناکارہ بنایا جا سکتا ہے جب بچے کو سیٹ پر بیٹھنا ہو۔ دوسری گاڑیوں کو ورکشاپ میں لے جا کر ایر بیگ کو ناکارہ کروانا پڑتا ہے۔ اگر بچے کو محفوظ سیٹ میں درست طریقے سے بٹھایا گیا ہو تو گاڑی کے پہلو اور چھت میں لگے ہوئے ایر بیگ بچے کیلئے خطرناک نہیں ہوتے۔

# زیادہ افراد؟

سب افراد کیلئے علیحدہ سیٹ اور سیٹ بیلٹ ہونا ضروری ہے۔ کسی گاڑی میں اس کیلئے رجسٹرڈ مسافروں کی تعداد سے زیادہ افراد کا بیٹھنا غیر قانونی ہے۔ گاڑی میں سفر کے دوران بچے کو گود میں بٹھانا غیر قانونی بھی ہے اور نہایت خطرناک بھی ہے۔ ایک سے زیادہ بالغ افراد یا بچوں کا ایک ہی سیٹ بیلٹ لگانا بھی منع ہے۔

# انٹر نیٹ پر مزید معلومات

## www.tryggtrafikk.no

ناروےجن کونسل فار روڈ سیفٹی)) Trygg Trafikk کے ویب سائیٹ پر بچوں کو گاڑی میں محفوظ طریقے سے بٹھانے ، سیٹ بیلٹ، ڈرائیونگ کی تربیت، بچوں کے سائیکل چلانے ، سکول آنے جانے وغیرہ کے بارے میں مزید معلومات دستیاب ہیں۔

## www.vegvesen.no

ناروےجن پبلک روڈز) Statens vegvesen ایڈمنسٹریشن) کے ویب سائیٹ پر ڈرائیونگ کی تربیت، غیر ملکی ڈرائیونگ لائسنس رکھنے والوں کیلئے ناروےجن لائسنس کے حصول، گاڑی کی رجسٹریشن وغیرہ کے بارے میں معلومات موجود ہیں۔





Denne brosjyren er utgitt med støtte fra forsikringsselskapene i Norge.
*Oversatt ved Tolketjenesten i Oslo, februar 2010*